
# جون



جون 1

''ایک اچھے آدمی کا ایک بُرا قدم ایک سنجیدہ مسئلہ کھڑا کرسکتا ہے۔''

1912ء میں دنیا کے سب سے بڑے بحری جہاز نے لیورپُول (انگلستان) کی بندرگاہ چھوڑتے ہوئے اپنے پہلے بحری سفر کا آغاز کیا۔اُس کی منزل امریکہ تھی اوراُس بحری جہاز کا نام ٹائی ٹینک تھا۔ یہ بحری جہاز (Titanic) بڑے ماہر کاریگروں نے بنایا تھااوراُس کے پہلے بحری سفر کی قیادت ایک تجربہ کار کپتان کررہا تھا۔اگرچہ برف کے تودوں کے مسائل سے آگاہ کیا گیا تھا،لیکن پھربھی احمقانہ رفتار پر بحری جہاز چلانے کاحکم دیا گیا۔کچھ ہی گھنٹوں میں ایک اچھے آدمی کے ایک غلط فیصلے سے ایک سنجیدہ مسئلہ کھڑا ہو گیا۔ بحری جہاز ایک برف کے تودے سے ٹکرایا اور پھر۔۔۔باقی تاریخ ہے۔

خدا نے ہماری زندگی کو بنایا اورہمیں ایک طوفان میں کھڑا کردیا ہے۔ بہت سے فیصلے ہمیں روزمرہ کی بنیاد پر کرنے پڑتے ہیں۔ بہت ضروری ہے کہ ہم اپنی زندگی کا رہنما خدا کے کلام کو بنائیں تاکہ ہم اپنے آپ اور دوسروں کو اپنے غلط فیصلے سے نقصان پہنچائے بغیر اپنی زندگی کا سفر جاری رکھ سکیں۔

آج کی دعا: اے خدا! میری مدد کرتا کہ اپنے اعمال اور فیصلوں پرغور کرنے کے لئے وقت نکال سکوں۔ اپنا کلام مجھ پر ظاہر کراور یہ میری عادت بن جائے کہ مَیں اپنے ہر فیصلے میں ہمیشہ تیری رہنمائی لے سکوں۔

آج کی آیات:

زبور 105:119

''تیرا کلام میرے قدموں کے لئے چراغ اور میری راہ کے لئے روشنی ہے۔''

زبور 23:37

''انسان کی روِشیں خداوند کی طرف سے قائم ہیں اور وہ اُس کی راہ سے خوش ہے۔''

جون 2

''ہوسکتا ہے کہ آپ صحیح ہوں اور دوسرے غلط، تاہم وہ جن کو خدا نے آپ کی زندگی میں رکھا ہے، جو آپ کو پیار کرتے ہیں اور خدا کی خدمت بھی کرتے ہیں آپ کی فکر بھی کرتے ہیں۔ یہاں ایک وجہ بھی ہے کہ آپ محتاط رہیں۔''

بعض اوقات ہماری زندگی میں خواہشات ہوتی ہیں اور ہم فیصلے کرنے کے لئے فکر مند ہوتے ہیں جو ہمیں محسوس ہوتے ہیں کہ ہماری زندگی بدل دینے والے فیصلے ہیں۔ ہمیں پورے طور پر اپنے آپ کو خدا کے کلام اور لوگ جو اُس نے ہماری زندگی میں رکھے ہیں دونوں کے مطابق جانچنا چاہئے۔

بہت دفعہ ہماری اپنی رائے عارضی یا دُھندلی ہوسکتی ہے کہ دوسرے اُس نتائج کو دیکھ رہے ہوں جن پر ہم نے غور نہیں کیا۔ آپ کا روح القدس کوئی اَور نہیں ہوسکتا، لیکن آپ فکر کرنے والے لوگوں کی صلاح کو رد کرنا برداشت بھی نہیں کر سکتے۔ اگر آپ ڈرتے ہیں کہ دوسروں نے آپ کے فیصلوں کے بارے میں کیا کہنا ہے تو سوچئے کہ ایسا کیوں ہے۔

**آج کی دعا:** اے خدا! تیری ہدایت اور الٰہی رہنمائی اور اُن رشتوں کے لئے شکریہ جو تُو نے میری زندگی میں رکھے ہیں۔ مجھے تیری آواز سننے والے کان اور حکمت دے تا کہ مَیں اپنی زندگی کے لئے تیرے منصوبے پر چل سکوں۔

**آج کی آیات:**

اَمثال 14:11

''نیک صلاح کے بغیر لوگ تباہ ہوتے ہیں لیکن صلاح کاروں کی کثرت میں سلامتی ہے۔''

خروج 18:19-20

''سو اب تُو میری بات سُن۔ مَیں تجھے صلاح دیتا ہوں اور خدا تیرے ساتھ رہے۔ تُو اِن لوگوں کے لئے خدا کے سامنے جایا کر اور اِن کے سب معاملے خدا کے سامنے پہنچا دِیا کر۔ اور تُو رُسوم اور شریعت کی باتیں اِن کو سکھایا کر اور جس راستہ اِن کو چلنا اور جو کام اِن کو کرنا ہو وہ اِن کو بتایا کر۔''

جون 3

''خدا کے لئے بڑے کام کرنا اور بڑے کام خدا کے لئے کرنا قربانی مانگتے ہیں۔''

خُدا نے اپنے بیٹوں میں سے کوئی بھی ایک نہیں بلکہ اپنا اکلوتا بیٹا ہمارے گناہوں کے لئے قربان کیا۔ نہ صرف خدا نے اپنا اکلوتا بیٹا دیا بلکہ مریم نے اپنا پہلوٹھا دیا۔ خدا کے لئے بڑے کام کرنا اور بڑے کاموں کو خدا کے لئے کرنے میں زمین اور آسمان دونوں کو قیمت دینا ہوتی ہے۔ ہر مقصد اور ہر ترقی قیمت ادا کرنے اور فراہمی کا مطالبہ کرتی ہے۔ وہ کوئی آپ بھی ہو سکتے ہیں۔

خدا کے لئے کچھ بڑا کرنا اور بڑے کاموں کو خدا کے لئے کرنا قربانی مانگتے ہیں۔ اِس بادشاہت کے لئے خطرات میں پیچھے چلنے میں ہمت نہ ہاریں کہ یہ زیادہ وقت، قوت اور کام مانگتے ہیں۔ اگر وہ کام آپ کے ذِمے ہے جسے آپ مکمل نہیں کریں گے تو کون کرے گا؟ خدا پر سے ایمان نہ اٹھائیں۔

آج کی دعا: اے باپ! مجھے حوصلہ دے کہ مَیں صرف تیرے لئے بڑے کام کرنے کی قیمت کو سمجھ سکوں بلکہ اُس کو ادا کروں۔ جیسے مَیں پاک کلام پڑھتا اور پرانے مقدسوں اور اُن کی قربانیوں کو یاد کرتا ہوں، میرے ایمان کو نیا کر اور سب سے بڑھ کر میری آنکھیں اُس اجر پر لگا جو اُن کی وفاداری کے پیچھے تھا۔

آج کی آیات:

عبرانیوں 10:37-39

''اور اب بہت ہی تھوڑی مُدت باقی ہے کہ آنے والا آئے گا اور دیر نہ کرے گا۔ اور میرا راست باز بندہ ایمان سے جیتا رہے گا اور اگر وہ ہٹے گا تو میرا دل اُس سے خوش نہ ہوگا۔''

متی 19:21-22

''یسوع نے اُس سے کہا اگر تُو کامل ہونا چاہتا ہے تو جا اپنا مال و اسباب بیچ کر غریبوں کو دے، تجھے آسمان پر خزانہ ملے گا اور آ کر میرے پیچھے ہو لے۔ مگر وہ جوان یہ بات سن کر غمگین ہو کر چلا گیا کیوں کہ بڑا مالدار تھا۔''

''کئی بار ہماری بہترین قربانی جو ہم خدا کو دے سکتے ہیں وہ سوال ہوتا ہے جس کا ہمارے پاس کوئی جواب نہیں ہوتا۔ شاید یہ بڑا ایمان ہے۔''

حادثہ، دردِ دل، ناکامی، موت اور دھوکا دہی ... ایسی بہت سی چیزیں زندگی میں ہیں جن کا ہمارے پاس کوئی تسلی بخش جواب نہیں۔شاید یہ ایمان لانے کا بہترین موقع ہوتا ہے، جب کوئی وجہ نظر نہیں آتی اور پھر بھی ہم جانتے ہیں کہ خدا کے اختیار میں ہے۔

ایوب اپنی مصیبت کے دوران جواب ڈھونڈتا رہا۔اُس نے ایک بڑا ذاتی اور مالی نقصان اٹھایا۔آخر میں خدا نے اُس پر واضح کیا کہ حاکمیت صرف اُس کی ہے۔اگرچہ وہ ہمیں جواب دے سکتا ہے پر وہ کوئی وضاحت پیش کرنے کا پابند نہیں۔ اِس پُر محبت اور فکرمند خدا کا ہماری زندگی کے لئے ایک تناظر ہے جس کو نہ تو ہم سوچ سکتے ہیں اور نہ اُس پر بحث مباحثہ کرسکتے ہیں۔خدا پر بھروسا رکھیں یہاں تک کہ اُس وقت بھی جب زندگی کا کوئی مطلب نظر نہ آئے۔

آج کی دعا: خداوند! میری مدد کر کہ تجھ پر بھروسا کرسکوں۔مصیبتوں، مشکلوں اور آفتوں پر غور کئے بغیر مَیں یہ ایمان لاتا ہوں کہ تُو مجھے پیار کرتا ہے اور مجھے کبھی نہیں چھوڑے گا اور میری زندگی کے لئے تیرا ایک اچھا منصوبہ ہے۔ میرا اِعتماد صرف تجھ پر ہے۔

آج کی آیات:

ایوب 15:13

''دیکھو وہ مجھے قتل کرے گا۔مَیں اِنتظار نہیں کروں گا۔ بہر حال مَیں اپنی راہوں کی تائید اُس کے حضور کروں گا۔''

زبور 8:62

''اَے لوگو! ہر وقت اُس پر توکل کرو، اپنے دِل کا حال اُس کے سامنے کھول دو۔خدا ہماری پناہ گاہ ہے۔''

''ہمارا ذہن وہ دنیا تخلیق کرتا ہے جس میں ہم رہتے ہیں اور یہ فیصلہ بھی کرتا ہے کہ ہم کیسے اِس دنیا میں رہتے ہیں۔''

جب ہم یہ سوچتے ہیں کہ ہم کون ہیں اور کیا کر سکتے ہیں تو یا تو یہ ہماری زندگی پر پابندی لگا دیتا ہے یا پابندی ہٹا دیتا ہے۔ ہم میں سے ہر ایک اُس دُنیا کو بناتا ہے جس میں رہتے ہیں اور اُس کو اپنے خیالات سے پُر کرتے ہیں۔ ممکن ہے یہی وجہ ہے کہ بائبل ہمارے خیالات کے بارے میں بہت کچھ کہتی ہے بلکہ اَمثال 7:23 میں لکھا ہے'' جیسے اُس کے دل کے اندیشے ہیں وہ ویسا ہی ہے۔''

آپ اپنے بارے میں کیا سوچتے ہیں؟ آپ نے کون سی دنیا بنائی ہے؟ آپ کیسے زندگی میں آگے بڑھ رہے ہیں اور کیسے زندگی جی رہے ہیں؟ آپ غالب ہیں یا شکار ہیں؟ کیا آپ اپنا کامیاب ہونا سوچتے ہیں یا ناکام ہونا؟ کیا آپ سوچتے ہیں کہ خدا آپ کو پیار کرتا ہے اور اُس کا آپ کی زندگی کے لئے منصوبہ ہے یا آپ یہ محسوس کرتے ہیں کہ وہ آپ کو بھول گیا ہے؟ آپ کیسے جئیں، یہ جنگ آپ کے ذہن میں شروع ہوتی ہے اور اِدھر ہی ختم ہوتی ہے۔ اپنے ذہن کو خدا کے کلام سے بھریں اور اپنی سوچ کو اُس کے تابع کر دیں۔

**آج کی دعا:** اے باپ! مَیں فیصلہ کرتا ہوں کہ اپنے ذہن کو تیرے کلام سے پُر کروں گا اور آسمان کے تناظر میں زندگی گزاروں گا۔ مَیں اپنے اور دوسروں کے تمام تصورات اور خیالات کو جو تیری مرضی کے خلاف جاتے ہیں اُن کو ختم کرتا ہوں۔

**آج کی آیات:**

رومیوں 2:12

''اور اِس جہان کے ہم شکل نہ بنو بلکہ عقل نئی ہو جانے سے اپنی صورت بدلتے جاؤ تاکہ خدا کی نیک اور پسندیدہ اور کامِل مرضی تجربہ سے معلوم کرتے رہو۔''

2- کرنتھیوں 10:4-5

''اِس لئے کہ ہماری لڑائی کے ہتھیار جسمانی نہیں بلکہ خدا کے نزدیک قلعوں کو ڈھا دینے کے قابل ہیں۔ چنانچہ ہم تصورات اور ہر ایک اُونچی چیز کو جو خدا کی پہچان کے برخلاف سر اُٹھائے ہوئے ہے ڈھا دیتے ہیں اور ہر ایک خیال کو قید کر کے مسیح کا فرماں بردار بنا دیتے ہیں۔''

فلپیوں 8:4

''غرض اے بھائیو! جتنی باتیں سچ ہیں اور جتنی باتیں شرافت کی ہیں اور جتنی باتیں واجب ہیں اور جتنی باتیں پاک ہیں اور جتنی باتیں پسندیدہ ہیں اور جتنی باتیں دل کش ہیں غرض جو نیکی اور تعریف کی باتیں ہیں اُن پر غور کرو۔''

جون 6

''خدا ہمارے منصوبوں کو منسوخ کرنے سے پہلے ہماری اجازت کا طالب نہیں۔''

زندگی ایک سفر ہے، ایک ایسی تحریر جو صرف خدا لکھ سکتا ہے اور ایک اہم واقعہ جو اِس دنیا سے بڑھ کر ہے۔ خدا ہماری زندگی کا بانی اور انجام تک پہنچانے والا دونوں ہے اور وہ آغاز سے ہی اختتام کو دیکھتا ہے۔ ہماری زندگی کے لئے خدا کا منصوبہ ہے اور تمام چیزوں کو ایسے ترتیب دیتا ہے کہ وہ اُس کی مرضی اور مقصد کے مطابق کام کریں۔ ممکن ہے کہ ہم اپنے رستے کے بارے میں خود سوچیں، لیکن یہ خداوند ہے جو ہمارے قدموں کی رہنمائی کرتا ہے۔

شاید جو چیز آپ کو حیران کرے وہ خدا کا منصوبہ ہو اور خدا ہمارے منصوبوں کو منسوخ کرنے سے پہلے ہماری اجازت کا طالب نہیں۔ زندگی مطالبہ کرتی ہے کہ ہم فیصلے کریں اور خدا چاہتا ہے کہ ہم اُنہی فیصلوں کو اُس پر بھروسا کرتے ہوئے اُس کے ہاتھ میں چھوڑ دیں تاکہ اُس کی مرضی پوری ہو نہ کہ ہماری۔

**آج کی دعا:** اے باپ! آج میری مدد اور رہنمائی کر کہ مَیں وہ راستہ اختیار کرسکوں جو تُو نے میرے لئے بنایا ہے۔ میری مدد کر کہ مَیں سمجھ پاؤں کہ مَیں تیری مرضی میں ہوں۔ مَیں تیرے اور تیرے منصوبے کے پیچھے چلنا چاہتا ہوں کیوں کہ تیری منزل ہی افضل ہے۔

**آج کی آیات:**

اَمثال 9:16

''آدمی کا دل اپنی راہ ٹھہراتا ہے پر خداوند اُس کے قدموں کی راہنمائی کرتا ہے۔''

یسعیاہ 10:46

''جو اِبتدا ہی سے انجام کی خبر دیتا ہوں اور ایامِ قدیم سے وہ باتیں جو اب تک وُقوع میں نہیں آئیں بتاتا ہوں اور کہتا ہوں کہ میری مصلحت قائم رہے گی اور مَیں اپنی مرضی بالکل پوری کروں گا۔''

واعظ 11:3

''اُس نے ہر ایک چیز کو اُس کے وقت میں خوب بنایا اور اُس نے ابدیت کو بھی اُن کے دل میں جاگزیں کِیا ہے اِس لئے کہ اِنسان اُس کام کو جو خدا شروع سے آخر تک کرتا ہے دریافت نہیں کرسکتا۔''

''خدا کی فوج کا مقصد وہاں حفاظت کرنا نہیں ہے جہاں خدا کام کرتا رہا ہے بلکہ وہاں ہے جہاں پر خدا جانا چاہتا ہے اور کام کرنا چاہتا ہے۔''

وہ جو اُس کی فوج میں بلائے گئے ہیں اُن کو یہ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ اُن کو اِس خوش خبری کے خادم بننا اور پیش قدمی کرنا ہے جب تک کہ پوری دنیا اِس کو سن نہ لے۔ ہمیں بھی اُس چیز سے مطمئن ہو کر بیٹھ نہیں جانا چاہیئے جو کچھ خدا کر چکا ہے بلکہ ہمیشہ آگے کی طرف بڑھتے رہنا چاہیئے تاکہ ہم وہ حاصل کر سکیں جو وہ چاہتا ہے۔ کلیسیا یعنی خدا کی فوج ریفریجریٹر نہیں بلکہ چوزے نکالنے والی مشین ہونی چاہیئے۔

ہر روز گناہ گار پیدا ہوتے ہیں اور نسلیں اِس دنیا سے گزرتی جا رہی ہیں اور خوش خبری سننے اور یسوع کو خداوند ماننے کا موقع ہے۔ یہ کافی نہیں کہ ایک نسل خوش خبری سنے بلکہ ہر نسل کو خوش خبری سننا ہے اور جب کہ ہمارے پاس وقت ہے تو ہمیں خدا کی مرضی پوری کرنے کے لئے پختگی اور آگاہی سے آگے بڑھنا ہے۔

**آج کی دعا:** اے باپ! مجھے طاقت اور فضل دے کہ جب تک میری زندگی ہے، تیری کھیتی میں کام کر سکوں۔ میری مدد کر کہ مَیں دوسروں کو ارشادِ اعظم کے ساتھ آگے بڑھنے کی قیمت کے بارے میں بتا سکوں جب تک پوری دنیا اِس خوش خبری کو سن نہ لے۔

**آج کی آیات:**

یشوع 2:1

''میرا بندہ موسیٰ مر گیا ہے سو اب تُو اُٹھ اور اِن سب لوگوں کو ساتھ لے کر اِس یردن کے پار اُس ملک میں جا جسے مَیں اُن کو یعنی بنی اسرائیل کو دیتا ہوں۔''

فلپیوں 13:3

''اے بھائیو! میرا یہ گمان نہیں کہ پکڑ چُکا ہوں بلکہ صرف یہ کرتا ہوں کہ جو چیزیں پیچھے رہ گئیں اُن کو بھُول کر آگے کی چیزوں کی طرف بڑھا ہوا... جاتا ہوں۔''

جون 8

''وہ فیصلے جو آپ زندگی میں کرتے ہیں بالآخر آپ کی گواہی بن جاتے ہیں۔''

آپ کی زندگی کی کہانی ایک کتاب کی مانند ہے جس میں آپ صفحے کے بعد صفحہ لکھ رہے ہیں۔ اپنے ہر فیصلے اور عمل کے بارے میں لکھ رہے ہیں۔ حتیٰ کہ ہمارے خیالات بھی ابدی معائنے کے لئے قلم بند ہو رہے ہیں۔ ہماری ابدی زندگی کی حفاظت یسوع مسیح کو خداوند اور نجات دہندہ ماننے کے فیصلے سے ہی محفوظ ہوتی ہے۔ ہم صرف اور صرف اُس کے خون کے باعث ہی بچ سکتے ہیں۔

بہر حال ہر شخص نجات سے بڑھ کر ابدی اجر کو پائے گا جس کی بنیاد اُس کے فیصلوں اور اعمال پر ہوگی جو اُس نے اِس زندگی میں کئے ہیں۔ ہم آزاد ہیں کہ کسی بھی وقت ایک تحریر بند کر کے دوسری لکھنا شروع کر دیں جو بالآخر ہماری گواہی بنے گی۔ داؤد نے یہ کیا، پطرس نے یہ کیا، زکائی نے یہ کیا، رُوت نے یہ کیا، راحب نے یہ کیا، پولس نے یہ کیا اور آپ بھی کر سکتے ہیں۔

آج کی دعا: اے باپ! وہ فیصلے جو مَیں آج کرتا ہوں میرے مستقبل پر اثر انداز ہوں گے۔ زمین پر تھوڑا سا وقت ہی میرے پاس باقی ہے کہ ابدیت میں جگہ بنا سکوں۔ میری مدد کر کہ مَیں دانش مندانہ فیصلے لے سکوں۔ میری مدد کر کہ مَیں اپنی زندگی کی ترجیحات سیٹ کرتے وقت تیری بادشاہی کو سامنے رکھوں۔ مَیں تیرے فضل سے آج ہی سے شروع کرتا ہوں۔

آج کی آیات:

مکاشفہ 12:20

''پھر مَیں نے چھوٹے بڑے سب مُردوں کو اُس تخت کے سامنے کھڑے ہوئے دیکھا اور کتابیں کھولی گئیں۔ پھر ایک اَور کتاب کھولی گئی یعنی کتابِ حیات اور جس طرح اُن کتابوں میں لکھا ہوا تھا اُن کے اعمال کے مطابق مُردوں کا انصاف کیا گیا۔''

2- کرنتھیوں 10:5

''کیوں کہ ضرور ہے کہ مسیح کے تختِ عدالت کے سامنے جا کر ہم سب کا حال ظاہر کیا جائے تا کہ ہر شخص اپنے اُن کاموں کا بدلہ پائے جو اُس نے بدن کے وسیلے سے کئے ہوں۔ خواہ بھلے ہوں خواہ بُرے۔''

جون 9

''زندگی ایک کھلے دروازے سے بڑھ کر ہے۔''

زندگی موقعوں سے بھرپور ہے اور بہت سی سمتوں کی پیش کش کرتی ہے جس میں ہم آسانی سے فیصلہ کر سکتے ہیں۔لیکن صرف اِس لئے کہ ہمارے پاس موقع ہے کہ کسی اَور شہر میں کام کریں یا کچھ نیا خریدیں۔ اِس کا ہرگز مطلب نہیں کہ یہ خدا کی مرضی ہے اور نہ خدا کی ہمیشہ یہ مرضی ہوتی ہے کہ ہم ایک دروازے میں صرف اِس لئے جائیں کہ وہ کھلا اور دل کش ہے۔ زندگی ایک کھلے دروازے سے بڑھ کر ہے۔

ہمارے فیصلوں کی بنیاد ایسی رہنمائی پر ہونی چاہیئے جو خدا کے کلام، خدا کے روح، دوستوں کی اصلاح یا خدا کے لوگوں کی رائے سے میل کھاتی ہو۔تسلی کرلیں کہ کہیں آپ ہر کھلے دروازے کو خدا کی مرضی جان کر تو نہیں جی رہے۔

آج کی دعا: پیارے خداوند! مجھے اپنے کلام اور روح کی ہدایت سے چلنا سکھا اور ایسی سمجھ عطا کر کہ راست اصلاح پر چل سکوں تا کہ میری نہیں بلکہ تیری مرضی پوری ہو۔یسوع کے نام میں۔آمین

آج کی آیات:

فلپیوں 7:4

''تو خدا کا اطمینان جو سمجھ سے بالکل باہر ہے تمہارے دلوں اور خیالوں کو مسیح یسوع میں محفوظ رکھے گا۔''

کلسیوں 15:3

''اور مسیح کا اطمینان جس کے لئے تم ایک بدن ہو کر بُلائے بھی گئے ہو تمہارے دلوں پر حکومت کرے اور تم شکرگزار رہو۔''

رومیوں 14:8

''اِس لئے کہ جتنے خدا کے رُوح کی ہدایت سے چلتے ہیں وہی خدا کے بیٹے ہیں۔''

## 10 جون

''اِس سے فرق نہیں پڑتا کہ آپ کے پاس کیا ہے بلکہ اِس سے فرق پڑتا ہے کہ آپ اُس سے کیا کرتے ہیں۔''

مَیں نے لوگوں کو یہ کہتے سنا ہے کہ کوئی اِس چیز کی پرواہ نہیں کرتا کہ آپ کیا جانتے ہیں جب تک اُن کو یہ نہیں پتا لگتا کہ آپ پروا کرتے ہیں۔ یہ بالکل ایسے ہی ہے جب لوگ دیکھتے ہیں کہ آپ کے پاس کیا ہے جب تک واقعی کسی اَور کو اُس چیز سے فائدہ نہیں دینا چاہے گا جو آپ کے پاس ہے۔ تب تک کسی اَور کو اُس چیز سے حقیقی فرق نہیں پڑے گا سوائے آپ کے۔

خدا نے ابرہام کو کہا تھا کہ وہ اُسے برکت دے گا اور اُس کو دوسروں کے لئے برکت بنائے گا۔ اِس سے بہت کم فرق پڑتا اگر ابرہام خدا کی برکت کو اپنے تک رکھتا۔ بلکہ اُس نے اضحاق کو ایمان کے باعث لیا اور ایک ایسے نشان کی طرح خدا کی نذر کر دیا کہ خدا اپنے بیٹے یسوع کے ساتھ کیا کرے گا۔ جو کچھ خدا نے ابرہام کو دیا تھا، ابرہام نے اُس ہی کو استعمال کیا۔ ہم بھی جب اُس کو استعمال کرتے ہیں جو وہ ہمیں دیتا ہے تو یہی ایک بڑا فرق پیدا کرتا ہے۔

**آج کی دعا:** اے باپ! اُس چھوٹے لڑکے کی طرح جس کے پاس مچھلی اور روٹیاں تھیں، جو کچھ میرے پاس ہے تجھے نذر کر دینا چاہتا ہوں تا کہ وہ ایک فرق پیدا کر سکے۔ میری مدد کر کہ مَیں خود غرض نہ بنوں بلکہ اُن برکتوں سے جو تُو مجھے دیتا ہے، دوسروں کے لئے برکت کا باعث بنوں۔

**آج کی آیات:**

پیدائش 14:22

''اور ابرہام نے اُس مقام کا نام یہواہ یری رکھا چنانچہ آج تک یہ کہاوت ہے کہ خداوند کے پہاڑ پر مہیا کیا جائے گا۔''

یوحنا 11:6

''یسوع نے وہ روٹیاں لیں اور شکر کر کے اُنہیں جو بیٹھے تھے بانٹ دیں اور اِس طرح مچھلیوں میں سے جس قدر چاہتے تھے بانٹ دیا۔''

## 11 جون

''خدا کا ایک منصوبہ ہے اور وہ کامیاب ہوگا اور آپ کے پاس اِس منصوبے میں شامل ہونے کا موقع ہے۔''

ایک بار پھر سے بائبل ہمیں بتاتی ہے کہ خدا آغاز ہی سے اختتام کو جانتا ہے۔ الفا اور اومیگا، اول اور آخر اور ہمارے ایمان کا بانی اور اِس کو کامل کرنے والا ہے۔ صرف خدا ہی ماضی، حال اور مستقبل کی چیزوں کو جانتا ہے اور وہی ہماری زندگی کو ایسی ترتیب دے سکتا ہے کہ اچھے مواقع آئیں، اور ہمارے خواب پورے ہوں اور اُس کی مرضی پوری ہو۔ نہ صرف بائبل کے پرانے کرداروں کو بلکہ آج کے لوگوں کو اپنے مستقبل یا انجام سے ڈرنے کی ضرورت نہیں اگر اُن کا ایمان خدا اور اُس کے بیٹے یسوع پر ہے۔ خدا کا ایک منصوبہ ہے۔ وہ کامیاب ہوگا اور آپ کے پاس اِس منصوبے میں شامل ہونے کا موقع ہے۔

**آج کی دعا:** اے باپ! مجھ سے پیار کرنے کے لئے شکریہ۔ تُو نے مجھے ابدی زندگی دینے کے لئے کسی چیز سے دریغ نہ کیا۔ مَیں اِس کے لئے تیرا احسان مند ہوں۔ مجھ پر کرم فرما کہ مَیں تجھ کو وہی تحفہ دوسروں کو دینے سے نہ روکوں۔ مَیں وہی چاہتا ہوں جو تُو چاہتا ہے کہ سب تجھے جانیں۔ رحم کر کے مجھے سکھا کہ کیسے تُو میری زندگی میں مشکل حالات کو استعمال کرتا ہے کہ دوسرے تیرے پاس آسکیں۔

**آج کی آیات:**

زبور 10:46

''خاموش ہو جاؤ اور جان لو کہ مَیں خدا ہوں۔ مَیں قوموں کے درمیان سربلند ہوں گا۔ مَیں ساری زمین پر سربلند ہوں گا۔''

1- کرنتھیوں 57:15

''مگر خدا کا شکر ہے جو ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلہ سے ہم کو فتح بخشتا ہے۔''

2- کرنتھیوں 14:2

''مگر خدا کا شکر ہے جو مسیح میں ہم کو ہمیشہ اسیروں کی طرح گشت کراتا ہے اور اپنے علم کی خوشبو ہمارے وسیلہ سے ہر جگہ پھیلاتا ہے۔''

2- تیمتھیس 9:1

''جس نے ہمیں نجات دی اور پاک بُلاوے سے بُلایا ہمارے کاموں کے موافق نہیں بلکہ اپنے خاص ارادہ اور اُس فضل کے موافق جو مسیح یسوع میں ہم پر ازل سے ہوا۔''

جون 12

''ایک ڈالر کے نوٹ کے ساتھ مسئلہ یہ ہے کہ وہ خرچ صرف ایک بار ہوتا ہے۔''

خدا ہمارے ذاتی مالی حالات کے بارے میں کلام کرتا ہے۔ بلکہ یسوع نے کل ملا کر بہشت اور دوزخ کے بارے میں اُتنی باتیں نہیں کیں جتنی اُس نے پیسے کے بارے میں کی ہیں۔ یہ خدا کا منصوبہ ہے کہ آپ کے پاس چیزیں ہوں، لیکن وہ یہ نہیں چاہتا کہ ہم چیزوں کے پاس ہوں۔ جب خدا ہمیں برکت دیتا ہے تو ہم اُن برکتوں کے مختار بن جاتے ہیں اور ہم سے یہ اُمید کی جاتی ہے کہ ہم اپنے پیسے کو خدائی حکمت اور بائبل کے اُصولوں کے مطابق خرچ کریں۔

اکثر اوقات آپ وہ کچھ نہیں خرید پاتے جس کی آپ کو ضرورت ہوتی ہے۔ اِس کی وجہ یہ ہے کہ آپ وہ خرید چکے ہیں جس کی آپ کو ضرورت تھی۔ یہ ضروری ہے کہ ہم اپنے پیسے کو خدا کے مقصد کے مطابق خرچ کریں نہ کہ صرف اپنے۔ ایک ڈالر کے نوٹ کے ساتھ مسئلہ یہ ہے کہ بے شک وہ ڈالر خدا ہمیں دے پر وہ خرچ ایک بار ہی ہوتا ہے۔ اپنے پیسے حکمت سے خرچ کریں۔

آج کی دعا: اے باپ! میری ضرورت پوری کرنے کے لئے شکریہ۔ مَیں جانتا ہوں کہ میرے پاس جو کچھ ہے وہ تیرا ہے۔ مجھے دکھا کہ مَیں کہاں دانش مندانہ فیصلے کر سکتا ہوں اور کہاں اپنا ڈالر خرچ کروں۔ مَیں جانتا ہوں کہ تُو میری فکر کرے گا اور میری فرماں برداری کے لئے مجھے برکت دے گا۔ براہِ کرم وہ لے جو مَیں دیتا ہوں اور اُس سے ایک ابدی فرق پیدا کر۔

آج کی آیات:

متی 6:19-20

''اپنے واسطے زمین پر مال جمع نہ کرو جہاں کیڑا اور زنگ خراب کرتا ہے اور جہاں چور نقب لگاتے اور چُراتے ہیں۔ بلکہ اپنے لئے آسمان پر مال جمع کرو جہاں نہ کیڑا خراب کرتا ہے نہ زنگ اور نہ وہاں چور نقب لگاتے اور چراتے ہیں۔''

اِفسیوں 5:15-16

''پس غور سے دیکھو کہ کس طرح چلتے ہو۔ نادانوں کی طرح نہیں بلکہ داناؤں کی مانند چلو۔ اور وقت کو غنیمت جانو کیوں کہ دن بُرے ہیں۔''

جون13

''کیا یہ ہوسکتا ہے کہ جہاں خدا نے آپ کو رکھا ہے وہاں آپ اپنی سوچ سے بھی بڑے مقصد کے لئے خدمت کر رہے ہیں؟''

آستر ڈرتی تھی اور یہ ٹھیک بھی تھا۔ وہ حقیقی معنوں میں ایک غریب گھر سے محل تک گئی تھی کیونکہ خدا کی شفقت اُس کی زندگی پر تھی۔ آستر ایک اجنبی ملک میں ایک قیدی تھی اور جب یہ بات نکلی کہ بادشاہ کو نئی دلہن کی تلاش ہے تو وہ بھی اُمیدوار ہونے کے لئے چلی گئی۔ بالآخر وہ ملکہ بننے کے لئے چنی گئی۔ واہ! اُس کا خواب سچ ہوا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے اُس کا نصیب اُس کو وہاں لے کر آیا ہو۔ اور جب زندگی بالکل ٹھیک لگ رہی تھی تو آفت آن پڑی۔ اُس کی ساری نسل کو ختم کرنے کی سازش حرکت میں تھی اور صرف بادشاہ اِس کو روک سکتا تھا۔ وہ بادشاہ کی ملکہ ہونے کے ناتے اُس کی مدد مانگ سکتی تھی۔ لیکن ریاست کا قانون یہ کہتا ہے کہ اگر وہ غیر علانیہ بادشاہ کے پاس جائے تو ماری جاسکتی ہے جب تک کہ بادشاہ اُس پر شفقت نہ کرے۔

آستر بہت ڈری ہوئی تھی اور نہیں جانتی تھی کہ کیا کرے۔ اُس نے اپنے چچا سے صلاح مانگی۔ وہ جانتا تھا کہ خدا کا اُس کے لوگوں کے لئے ایک منصوبہ ہے اور آستر کا ملکہ بننا خدا کی طرف سے ہے۔ اُس نے آستر کو بتا دیا کہ اُس کا کردار بطور ملکہ خدا کے منصوبے میں شامل ہونا ہے۔ آپ نے بھی اپنے کردار پر کبھی سوال اُٹھایا ہے؟ کیا یہ ہوسکتا ہے کہ جہاں پر خدا نے آپ کو رکھا ہے وہاں آپ اپنی سوچ سے بڑے مقصد میں خدمت کر رہے ہوں؟ اُس سے کہیں کہ وہ آپ پر ظاہر کرے کہ کیسے آپ کی منزل اُس کے منصوبے میں شامل ہونے کا ایک موقع ہے۔

**آج کی دعا:** اے باپ! مَیں جانتا ہوں کہ تیرا ایک مقصد نہ صرف ساری دنیا کے لئے ہے بلکہ میرے لئے بھی ہے۔ براہِ کرم مجھے میرا کردار دکھا اور مجھے ہمت دے کہ مَیں اُس کو نباہ سکوں۔ اِتنا اچھا باپ بننے کے لئے تیرا شکریہ۔

**آج کی آیات:**

آستر 14:4

''کیوں کہ اگر تُو اِس وقت خاموشی اختیار کرے تو خلاصی اور نجات یہودیوں کے لئے کسی اَور جگہ سے آئے گی پر تُو اپنے باپ کے خاندان سمیت ہلاک ہو جائے گی اور کیا جانے کہ تُو ایسے ہی وقت کے لئے سلطنت کو پہنچی ہو؟''

جون 14

''کیوں غیر ضروری ہے جب کون خدا ہے۔''

پوری بائبل میں خدا کی طرف سے بہت سے لوگوں کو کچھ کام کہے گئے جو کہ اُس وقت یونہی لگتے تھے۔ مثال کے طور پر نعمان کوڑھی جس کو سات بار دریائے یردن میں غوطہ کھانے کو کہا گیا تھا، بیوہ نے اپنے بیٹوں کو بھیج کر پڑوسیوں سے خالی برتن لانے کو کہا تھا، یسوع کا گیلی مٹی گوندھنا اور اَندھے آدمی کو لگانا اور کہنا کہ جا کر اُس کو دھو، پولس اور سیلاس کا قید میں آدھی رات کو گانا، یہ تمام چیزیں کوئی مطلب نہیں رکھتیں، پھر بھی اُن کی زندگی کے لئے خدا کے معجزاتی منصوبے کا حصہ تھیں۔

کیوں غیر ضروری ہے جب کون خدا ہے۔ خدا کو زمینی حکمت، انسانی دلیل یا اپنی سمجھ کے مطابق محدود نہ کریں۔ خدا کو خدا رہنے دیں۔

آج کی دعا: خداوند! کچھ چیزیں ہیں جو مَیں شاید سمجھ نہ پاؤں اور کئی بار ممکن ہے کہ مَیں یہ نہ جانوں کہ تُو مجھ سے کیوں یہ کہلوانا اور کروانا چاہتا ہے۔ لیکن مَیں عہد کرتا ہوں کہ ہمیشہ تیری فرماں برداری کروں گا اور تیرے کلام کے مطابق چلوں گا۔

آج کی آیات:

زبور 41:78

''اور وہ پھر خدا کو آزمانے لگے اور اُنہوں نے اسرائیل کے قدوس کو ناراض کیا۔''

متی 58:13

''اور اُس نے اُن کی بے اعتقادی کے سبب سے وہاں بہت سے معجزے نہ دکھائے۔''

1۔ پطرس 7:5

''اور اپنی ساری فکر اُسی پر ڈال دو کیوں کہ اُس کو تمہاری فکر ہے۔''

جون 15

''مقصد کسی منصوبے کے بغیر بے معنی ہے۔''

خواب اور رُویتیں پاک روح کی زبان ہیں اور جیسا کہ خدا ہر شخص کے دل میں عظمت ڈال کر اُسے تحریک دیتا ہے جو کہ اُس کے موجودہ وقت سے بڑھ کر ہوتی ہے۔ بہرحال خدا کی الٰہی تحریک ہی کافی نہیں۔ یہ آپ کو آپ کی زندگی کے لئے اُس کا منصوبہ حاصل کرنے تک لے جائے گی۔لیکن کامیاب ہونے کے لئے ہمیں نہ صرف یہ سننا ہے کہ خدا کیا چاہتا ہے بلکہ وہ کیسے چاہتا ہے کہ اُس کی مرضی پوری ہو۔

نوح نے خدا کو یہ کہتے سنا کہ ایک کشتی بنا۔ بہرحال کشتی بنانے پر خدا کی ہدایات کے بغیر سو سال سے زیادہ محنت کے باوجود کشتی وجود میں نہ آتی۔ خدا نے موسیٰ کو خیمہ اجتماع بنانے کو کہا اور اُس کو اِس منصوبے کے ہر پہلو پر تفصیلی ہدایات دیں۔ موسیٰ اور بنی اسرائیل کو خدا کا منصوبہ مکمل کرتے ہوئے بہت مہینے لگے۔ خدا کا منصوبہ جاننے کے لئے مستعد رہیں اور پھر کام کریں تا کہ اُس کو اپنی آنکھوں کے سامنے پورا ہوتے دیکھیں۔

آج کی دعا: اے خدا! مَیں اپنی زندگی کے لئے تیرا مقصد پورا کرنا چاہتا ہوں۔ مجھے اپنے منصوبے اور قوت دے تا کہ تیری مرضی پوری ہوتے ہوئے دیکھ سکوں۔

آج کی آیات:

اَمثال 5:21

''محنتی کی تدبیریں یقیناً فراوانی کا باعث ہیں لیکن ہر ایک جلد باز کا انجام محتاجی ہے۔''

اَمثال 4:13

''سُست آدمی آرزو کرتا ہے پر کچھ نہیں پاتا لیکن محنتی کی جان فربہ ہو گی۔''

متی 38:9

''پس فصل کے مالک کی منّت کرو کہ وہ اپنی فصل کاٹنے کے لئے مزدور بھیج دے۔''

جون16

’’کپتان بن کر کیوں بیٹھیں جب بادشاہ بننا ہماری منزل ہے۔‘‘

داوٗد کی زندگی میں ایک ایسا وقت تھا جب وہ اسرائیل کی تمام فوجوں کا کپتان تھا۔ وہ اپنے اِس کردار میں بہت کامیاب تھا۔ اِتنا کامیاب کہ اُس کی فتح پر نظمیں لکھی جانے لگیں اور اِستقلال میں کوئی اُس کی طرح کا نہ تھا۔ داوٗد وفادار آدمیوں میں گھرا ہوا تھا جو بغیر کسی سوال کے اُس کے پیچھے چلتے اور ہر فیصلے میں اُس کا ساتھ دیتے تھے۔ داوٗد اپنی کامیابی سے لطف اندوز ہوتے ہوئے یہ سوچ سکتا تھا کہ یہ میری زندگی کا بہترین دن ہے اور آگے آرام سے شہرت کے ساتھ ریٹائر ہو جاوٗں گا، جب کہ خدا نے اُس کو اِس سے بڑے مقصد کے لئے بلایا تھا۔

منزل اِس بات کا مطالبہ کرتی ہے کہ ہم اُن چیزوں کو بھول جائیں جو پیچھے ہیں اور اُن چیزوں کی طرف بڑھیں جو آگے ہیں تا کہ ہم اپنی افضل بلاہٹ کو مسیح یسوع کے ذریعے پورا کرسکیں۔ ممکن ہے آپ اِس کامیابی کے کسی معیار پر ہوں اور اِس کے باوجود خدا نے آپ کو اِس سے بڑے کام کرنے کی تلقین کی ہو۔ ہوسکتا ہے آپ کو ایمان میں قدم بڑھانے کی قیمت ادا کرنا پڑے، لیکن اگر آپ قدم نہیں بڑھاتے تو کیا قیمت دینا ہوگی؟

آج کی دعا: پیارے خداوند! میری مدد کر کہ مَیں تجھے اپنے بہترین ہدیئے دُوں۔ مجھے فضل دے کہ مَیں اپنی افضل بلاہٹ تک پہنچ سکوں اور اپنی اعلیٰ ترین قابلیت کو تیری بادشاہت میں خدمت کرتے ہوئے اِستعمال میں لاسکوں۔

آج کی آیات:

فلپیوں 3:13-14

’’اَے بھائیو! میرا یہ گمان نہیں کہ پکڑ چکا ہوں بلکہ صرف یہ کرتا ہوں کہ جو چیزیں پیچھے رہ گئیں اُن کو بھول کر آگے کی چیزوں کی طرف بڑھا ہوا نشان کی طرف دَوڑا ہوا جاتا ہوں تا کہ اِس انعام کو حاصل کروں جس کے لئے خدا نے مجھے مسیح یسوع میں اُوپر بُلایا ہے۔‘‘

2۔ تیمتھیس 4:7

’’مَیں اچھی کُشتی لڑ چکا۔ مَیں نے دَوڑ کو ختم کرلیا۔ مَیں نے ایمان کو محفوظ رکھا۔‘‘

17 جون

''وہ نسل جو یسوع کی واپسی دیکھے گی وہ کلیسیا ہو گی جس نے اُس کی واپسی کی تیاری کی ہے۔''

مسیح کے وقت سے مسیحی اُس کی واپسی کی راہ دیکھ رہے ہیں۔ دو ہزار سال سے ہر نسل کو یہ اُمید تھی کہ وہ یسوع کی آمد کو دیکھیں گے۔ مگر یسوع کو کس چیز کی اُمید ہے؟ اُس کو یہ اُمید ہے کہ ساری قوموں میں سے شاگرد بنائے اور ہر نسل خدا کی بادشاہی کو بڑھائے اور ہر قوم میں خوش خبری کی منادی کی جائے۔

آپ کی نسل کے پاس ایک کام ہے اور وہ ابھی تک ادھورا ہے۔ یسوع تب تک نہیں آئے گا جب تک کام پورا نہ ہو جائے۔ وہ نسل جو یسوع کی واپسی دیکھے گی وہ کلیسیا ہو گی جس نے اُس کی واپسی کی تیاری کی ہے۔

**آج کی دعا:** اے باپ! ہماری نسل کو ساری دنیا تک انجیل پھیلانے کا فضل دے۔ ہمیں پوری طرح مستعد کر کہ ہم انجیل کے پھیلاؤ کا کوئی موقع ہاتھ سے نہ جانے دیں۔

**آج کی آیات:**

متی 19:28

''پس تم جا کر سب قوموں کو شاگرد بناؤ اور اُن کو باپ اور بیٹے اور رُوح القدس کے نام سے بپتسمہ دو۔''

مکاشفہ 2:21

''پھر مَیں نے شہرِ مُقدس نئے یروشلیم کو آسمان پر سے خدا کے پاس سے اُترتے دیکھا اور وہ اُس دُلہن کی مانند آراستہ تھا جس نے اپنے شوہر کے لئے سنگار کیا ہو۔''

مکاشفہ 20:22

''جو اِن باتوں کی گواہی دیتا ہے وہ یہ کہتا ہے کہ بے شک مَیں جلد آنے والا ہوں۔ آمین۔ اے خداوند یسوع آ۔''

''شاید کچھ حاصل کرنے کے لئے صرف دلیری یا کرشمہ کی ضرورت ہو،لیکن اُس کو قائم رکھنے کے لئے واضح طور پر کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔''

آپ وہ کر سکتے ہیں جس کے لئے آپ اپنا ذہن بنائیں۔آپ کا نشانہ جو بھی ہو،اگر آپ میں اِتنی بہادری اور شوق ہے تو آپ اُس کا پیچھا کر کے اُسے حاصل کر سکتے ہیں۔لیکن جب لوگ زندگی میں کہیں اپنے مطلوبہ مقام تک پہنچ جاتے ہیں تو پھر وہ اپنی ترجیحات سے ہٹ جاتے ہیں،وہ غیر ضروری چیزوں کو اجازت دیتے ہیں کہ اُن کو رستے سے ہٹا دیں۔اکثر اوقات وہ اپنی راست بازی اور اخلاقیات کو بھی زوال پذیر ہونے دیتے ہیں۔

ساؤل بادشاہ نے اپنی زندگی میں دیکھا کہ اُس کی بادشاہت قائم نہ رہی کیونکہ وہ خدا کے ساتھ وفادار رہنے اور اُس کی فرماں برداری کرنے میں ناکام رہا تھا۔جس چیز کا بھی آپ اپنی زندگی میں پیچھا کر رہے ہیں،یاد رکھیں کہ شاید اُس کو حاصل کرنے کے لئے دلیری اور کرشمہ کی ضرورت ہو،لیکن اُس کو قائم رکھنے کے لئے کردار ادا کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔خدا کو آج اپنی زندگی میں موقع دیں کہ وہ آپ کے کردار کا معائنہ کرے۔

**آج کی دعا:** خداوند!مَیں چاہتا ہوں کہ تیرا کردار میری زندگی میں عیاں ہو۔میری مدد کر کہ مَیں چھوٹی چیزوں میں بھی وفادار رہوں اور جب مَیں اپنا مقصد حاصل کروں تو میری مدد کر کہ عاجز اور تیرا فرماں بردار رہوں۔کرم فرما کر مجھے میری زندگی کے وہ حصے دکھا جہاں تبدیلی کی ضرورت ہے۔اے باپ تیرے رحم اور فضل کے لئے تیرا شکریہ۔

**آج کی آیات:**

1-سموئیل 13:13-14

''سموئیل نے ساؤل سے کہا تُو نے بے وقوفی کی۔تُو نے خداوند اپنے خدا کے حکم کو جو اُس نے تجھے دیا نہیں مانا ورنہ خداوند تیری سلطنت بنی اسرائیل میں ہمیشہ قائم رکھتا۔لیکن اب تیری سلطنت قائم نہ رہے گی کیوں کہ خداوند نے ایک شخص کو جو اُس کے دل کے مطابق ہے تلاش کر لیا ہے اور خداوند نے اُسے اپنی قوم کا پیشوا ٹھہرایا ہے اِس لئے کہ تُو نے وہ بات نہیں مانی جس کا حکم خداوند نے تجھے دیا تھا۔''

1-سموئیل 26:15

''سموئیل نے ساؤل سے کہا مَیں تیرے ساتھ نہیں لَوٹوں گا کیوں کہ تُو نے خداوند کے کلام کو ردّ کیا ہے اور خداوند نے تجھے ردّ کیا کہ اِسرائیل کا بادشاہ نہ رہے۔''

جون19

''غربت زندگی کی حالت کا نہیں بلکہ ذہن کی کیفیت کا نام ہے۔''

غربت کی سوچ کے ساتھ جینا آپ کی ہر چیز کو تباہ کر دے گا جو آپ کے پاس ہے: آپ کی خوشی، اطمینان، اچھائی اور آپ کا ابدی اجر۔ غربت کی سوچ کا تانا بانا سُستی، ایمان کی کمی اور خودغرضی کی جڑ کی وجہ سے پیدا ہو سکتا ہے۔ یہ ہمارے خاندان، تہذیب، زندگی کے حالات اور نسلی لعنتوں کی وجہ سے منتقل ہو سکتی ہے۔ تاہم خدا کی سوچ غربت پر مبنی نہیں۔

آسمان کی تصویر ہے کہ اُس کی سونے کی گلیاں، موتیوں کے دروازے اور قیمتی پتھروں سے آراستہ ہے۔ خدا کی مرضی ہمارے لئے کثرت کی زندگی ہے۔ اُس پر بھروسا کرنا ہے کہ وہ اپنے جلال کی دولت کے موافق ہماری تمام ضروریات پوری کرے گا۔ ایک شخص کی دولت کا فیصلہ اِس سے نہیں ہوتا کہ اُس کے پاس چیزیں کس کثرت سے ہیں۔ غربت کی روح کو خیر باد کہیں اور اپنی زندگی کے لئے خدا کے منصوبوں میں شامل ہونے کا آغاز کریں۔

آج کی دعا: اے باپ! میری مدد کر کہ مَیں اپنے آپ کو ویسے ہی دیکھوں جیسے تُو مجھے دیکھتا ہے اور مجھے تبدیل کر۔ مجھے وہ بنا جیسا تُو چاہتا ہے کہ مَیں بنوں۔ میری زندگی پر سے غربت کی روح کو ختم کر اور مجھے یسوع کے نام میں آزاد کر۔

**آج کی آیات:**

لوقا 15:12

''اور اُس نے اُن سے کہا خبردار! اپنے آپ کو ہر طرح کے لالچ سے بچائے رکھو کیوں کہ کسی کی زندگی اُس کے مال کی کثرت پر موقوف نہیں۔''

اَمثال 15:10

''دولت مند کی دولت اُس کا محکم شہر ہے۔ کنگال کی ہلاکت اُسی کی تنگ دستی ہے۔''

اَمثال 13:20

''خواب دوست نہ بنو، مبادا تُو کنگال ہو جائے۔ اپنی آنکھیں کھول کہ تُو روٹی سے سیر ہوگا۔''

## جون 20

''غریب ہونا زندگی کی حالت ہے، غربت ذہنی کیفیت کا نام ہے۔ دونوں کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔''

مَیں جانتا ہوں کہ بہت سی کتابیں اُن لوگوں پر لکھی گئی ہیں جو بہت سی چیزوں کے مالک ہیں، لیکن اُن کے پاس بھی بہت کم ہے۔ اُن کی لالچی اور خوف سے بھری زندگیاں اُن کو کنجوسی کرنے اور دوسروں کو فائدہ نہ دینے کا غلام رکھتی ہیں۔ اپنی جمع کی ہوئی دولت کے باوجود بھی یہ لوگ غربت میں مرجاتے ہیں۔ آپ دیکھیں اب غربت ذہن کی کیفیت کا نام ہے۔ مَیں اُن لوگوں کو بھی جانتا ہوں جو غریب تھے اور اُن کے پاس اِس دنیا کی بہت کم چیزیں تھیں۔ اِس کے باوجود بھی اُن غریبوں کے پاس پیسے سے خریدے جانے والی چیزوں سے زیادہ تھا۔

روح کے پھل محبت، خوشی، اطمینان اور صبر ہیں نہ کہ دولت۔ بہر حال جو غریب ہیں اور غربت میں ہیں دونوں کی منزل وہ نہیں جو وہ ہیں۔ تبدیلی ساری انسانیت کے لئے دستیاب ہے اور یہ تبدیلی آپ کی زندگی میں آج ہی شروع ہوسکتی ہے۔ جو کچھ آپ کے پاس ہے اُس کے ساتھ خدا پر بھروسا رکھیں وہ آپ کو اَور دے گا۔ آج ہی مستقبل کی فصل کے لئے بیج بونے کا آغاز کریں۔

**آج کی دعا:** اے باپ! مَیں فیصلہ کرتا ہوں کہ جو کچھ میرے پاس ہے، مَیں اُس کے ساتھ تجھ پر بھروسا کروں گا۔ میری مدد کر کہ مَیں تیرا کلام پڑھوں اور تیرے دکھائے ہوئے خوش حالی کے راستے کو ڈھونڈوں۔ مجھے حکمت دے کہ اِس راستے میں دوسروں کی بھی مدد کرسکوں۔

**آج کی آیات:**

یعقوب 5:2

''اَے میرے پیارے بھائیو! سنو۔ کیا خدا نے اِس جہان کے غریبوں کو اِیمان میں دَولت مند اور اُس بادشاہی کے وارِث ہونے کے لئے برگزیدہ نہیں کیا جس کا اُس نے اپنے محبت کرنے والوں سے وعدہ کیا ہے؟''

لوقا 8:19

''اور زکائی نے کھڑے ہو کر خداوند سے کہا اَے خداوند! دیکھ مَیں اپنا آدھا مال غریبوں کو دیتا ہوں اور اگر کسی کا کچھ ناحق لے لیا ہے تو اُس کو چوگنا ادا کرتا ہوں۔''

اَمثال 17:19

''جو مسکینوں پر رحم کرتا ہے خداوند کو قرض دیتا ہے اور وہ اپنی نیکی کا بدلہ پائے گا۔''

جون 21

''اپنے دُشمنوں کو ڈھونڈ نے نکلنا دلیری کا کام ہے۔لیکن آپ کو حوصلے کی ضرورت تب ہے جب وہ آپ کو مِل جائیں۔''

بہت ممکن ہے کہ آپ نے داوٗد اور جاتی جولیت کی کہانی بہت دفعہ سنی ہو گی۔ ایک نوعمر چرواہے نے فلستی سُورمے کے خلاف کھڑے ہونے کا فیصلہ کیا جو اسرائیل کی فوجوں کو دھمکا رہا تھا۔ جب داوٗد نے جاتی جولیت سے لڑنے میں رضامندی دکھائی تو کسی کو نہیں لگتا تھا کہ وہ اِس قابل ہے۔ اب تک بہت سے دلیر آدمیوں نے اپنے فلستی دُشمنوں کا سامنا کیا تھا۔لیکن جب لڑنے کی بات آئی تو کسی میں اِتنا حوصلہ نہ تھا۔

حوصلہ خوف کی عدم موجودگی نہیں ہے۔ یہ تو دلیر آدمی کرتے ہیں جب وہ خوف کا سامنا کرتے ہیں۔ داوٗد کی بہادری صرف باتوں سے زیادہ تھی۔اُس سُورمے کے سامنے داوٗد نے اپنے ایمان کا پرچار کیا اور جنگ جیت لی۔ جو مجھ میں ہے وہ اُس سے بڑا ہے جو اِس دنیا میں ہے۔اپنے دُشمنوں کو موقع نہ دیں کہ مڑ کر آپ کو مغلوب کریں۔حوصلہ رکھیں اور ایمان سے لڑیں۔

آج کی دعا: خداوند! تیرا شکریہ، اِس لئے کہ تیرا کلام کہتا ہے کہ تُو مجھے کبھی نہیں چھوڑے گا۔تُو ہمیں کہتا ہے کہ خوف نہ کھاوٗ۔ میری مدد کر کہ مَیں تیرے کلام کی فرماں داری کر سکوں اور حوصلے اور ایمان سے بھر کر یہ جانوں کہ تُو مجھے کبھی ہارنے نہیں دے گا۔میرا قلعہ اور چٹان بننے کے لئے تیرا شکریہ۔

آج کی آیات:

زبور 121:1

''مَیں اپنی آنکھیں پہاڑوں کی طرف اُٹھاوٗں گا۔میری کُمک کہاں سے آئے گی؟''

یسعیاہ 12:2

''دیکھو خدا میری نجات ہے۔مَیں اُس پر توکل کروں گا اور نہ ڈروں گا کیوں کہ یاہ یہوواہ میرا زور اور میرا سرود ہے اور وہ میری نجات ہوا ہے۔''

رومیوں 8:31،37

''پس ہم اِن باتوں کی بابت کیا کہیں؟ اگر خدا ہماری طرف ہے تو کون ہمارا مخالف ہے؟ مگر اُن سب حالتوں میں اُس کے وسیلہ سے جس نے ہم سے محبت کی ہم کو فتح سے بھی بڑھ کر غلبہ حاصل ہوتا ہے۔''

جون22

''وقت بہت اہم ہے اور اکثر اِس کا فیصلہ اُن چیزوں سے ہوتا ہے جو ہمارے اختیار سے باہر ہوتی ہیں۔''

ایک مضمون جو یسوع اکثر ہی مسیحی تجربہ بیان کرنے کے لئے استعمال کرتا تھا وہ کاشت کاری تھا۔ وہ بیج بونے، پھل لگنے اور فصل کاٹنے کی بات کرتا تھا۔ بیج بونے اور اُن کو اُگ کر بڑا ہوتے دیکھنے میں ایک راز بند ہے۔ پودا لگانے کے ساتھ ساتھ فصل پیدا کرنے کے لئے دھوپ اور پانی کا ٹھیک تناسب ہونا ضروری ہے۔ ہم کام کر سکتے ہیں اور اوزار تیار رکھ سکتے ہیں، اور یہ بھی جان سکتے ہیں کہ کیا کرنا ہے، پر بیج میں پھل کا معجزہ ہمارے اِختیار سے باہر ہے۔

وقت بہت اہم ہے اور اکثر اِس کا فیصلہ اُن چیزوں سے ہوتا ہے جو ہمارے اختیار سے باہر ہوتی ہیں۔ کسان پیش گوئی یا حالات کو قابو نہیں کر سکتا کہ سورج کب نکلے گا یا بارش کب ہوگی۔ پر وہ صرف کام کر سکتا ہے اور فصل کے لئے تیار ہو سکتا ہے۔ اِسی طرح ہمارا کام خدا کے وقت کو سمجھنا نہیں بلکہ جب وہ وقت آئے تو اُس کے لئے تیار رہنا ہے۔ یاد رکھئے کہ خدا کی کھیتی میں کام کرنے کے لئے یہ جاننا ضروری نہیں کہ خدا کی بادشاہت کیسے کام کرتی ہے۔

**آج کی دعا:** خداوند! بہت سی چیزیں ہیں جو میرے اختیار سے باہر ہیں۔ جو کچھ میری زندگی میں ہو رہا ہے، مَیں اُس کے لئے تیرے درست وقت پر بھروسا کرتا ہوں۔ میری مدد کر کہ مَیں محنت کروں اور اپنی ذمہ داریوں میں وفادار رہوں کیونکہ مجھے پتا ہے کہ تُو ایک بڑی فصل تیار کر رہا ہے۔

**آج کی آیات:**

مرقس 4:26-29

''اور اُس نے کہا خدا کی بادشاہی اَیسی ہے جیسے کوئی آدمی زمین میں بیج ڈالے۔ اور رات کو سوئے اور دن کو جاگے اور وہ بیج اِس طرح اُگے اور بڑھے کہ وہ نہ جانے۔ زمین آپ سے آپ پھل لاتی ہے پہلے پتی، پھر بالیں، پھر بالوں میں تیار دانے۔ پھر جب اناج پک چکا تو وہ فی الفور درانتی لگاتا ہے کیوں کہ کاٹنے کا وقت آ پہنچا۔''

2- تیمتھیس 4:2

''کہ تُو کلام کی منادی کر۔ وقت اور بے وقت مستعد رہ۔ ہر طرح کے تحمل اور تعلیم کے ساتھ سمجھا دے اور ملامت اور نصیحت کر۔''

1- پطرس 3:15

''بلکہ مسیح کو خداوند جان کر اپنے دِلوں میں مُقدس سمجھو اور جو کوئی تم سے تمہاری اُمید کی وجہ دریافت کرے اُس کو جواب دینے کے لئے ہر وقت مستعد رہو مگر حلم اور خوف کے ساتھ۔''

جون23

’’ نئے مستقبل کا جنم پرانے ماضی کا اختتام کر دے گا۔‘‘

ہمارے مستقبل کے معیار کا انحصار یقیناً ہمارے آج کے فیصلوں پر ہے۔کئی بار ہم اپنی قائلیت کے مطابق چلتے ہیں لیکن ہماری اخلاقی اقدار غلط ہوتی ہیں۔ جب پولس رسول، ساؤل تھا تو ابتدائی کلیسیا کے لئے خطرہ تھا۔دمشق کی راہ پر اُس کی زندگی تبدیل کر دینے والی انقلابی ملاقات خدا سے ہوئی۔صرف دنوں میں خدا نے قتل کرنے اور دھمکانے والے کو روح القدس سے معمور خادم بنا لیا۔اعمال 9 باب بیان کرتا ہے کہ پولس نے مسیح کی منادی کی کہ وہ زندہ خدا کا بیٹا ہے۔

نئے مستقبل کا جنم پرانے ماضی کا اختتام کر دے گا۔پولس کا مقصد یہ تھا کہ مسیح کو جانے، مسیح جیسا بنے اور وہ کچھ بنے جو اُس کے لئے مسیح کے ذہن میں ہے۔ پولس نے کہا کہ مَیں یہ کرتا ہوں کہ جو چیزیں پیچھے رہ گئی ہیں اُن کو بھول کر آگے کی چیزوں کی طرف بڑھتا ہوں۔ یہ ہم سب کے لئے ایک اچھی بات ہے کہ ہم کیسے خداوند کے پیچھے چل سکتے ہیں۔ماضی میں نہ جئیں بلکہ اپنے اور خدا کے مابین تعلق پر غور کرتے ہوئے اِس علم میں بڑھیں۔ یہ جانیں کہ آپ کو معافی ملی ہے اور ایمان اور فرماں برداری کی زندگی بسر کرنا شروع کریں۔ یسوع میں اُمید کی وجہ سے ایک بڑے مقصد کی زندگی کی طرف آگے دیکھیں۔

آج کی دعا: اے باپ! تیرے بچانے والے فضل کے لئے تیرا شکر ہو۔یسوع کے خون کی بدولت مَیں اپنے ماضی سے آزاد ہوں۔آج مَیں اپنے آپ کو تجھے دیتا ہوں کہ تجھے جانوں، تجھ جیسا بنوں اور تیری مرضی کے مطابق زندگی بسر کروں۔

آج کی آیات:

2- کرنتھیوں 17:5

’’اِس لئے اگر کوئی مسیح میں ہے تو وہ نیا مخلوق ہے۔پُرانی چیزیں جاتی رہیں۔دیکھو وہ نئی ہو گئیں۔‘‘

جون 24

''شاید ہی کوئی شخص اُس مقصد کے لئے مرے جس کو پانے کے لئے وہ تیار نہ ہو۔''

یوحنا بپتسمہ دینے والے نے یہ کہا تھا کہ مَیں تو پانی سے بپتسمہ دیتا ہوں، لیکن جب مسیحا آئے گا تو وہ پاک روح اور آگ سے بپتسمہ دے گا۔ لوقا کی انجیل کے باب 24 میں یسوع نے اپنے شاگردوں سے کہا کہ جب تک عالَمِ بالا سے تمہیں قوت کا لباس نہ ملے، یروشلیم میں ٹھہرے رہنا۔ اعمال 8:1 اِس بات کو آگے بڑھاتے ہوئے یہ کہتا ہے کہ جنہوں نے روح القدس کی قوت پائی، وہ گواہ ہوں گے۔ اعمال 8:1 میں لفظ گواہ کا مطلب شہید ہیں۔

شہادت کا تعلق اِس متن میں صرف مرنے سے نہیں بلکہ سب چیزیں چھوڑ کر خدا کی مرضی کے مطابق جینا ہے۔ جیسے پولس رسول نے کہا کہ جینا میرے لئے مسیح اور مرنا نفع ہے۔ بہت سے ایمان دار مسیح کے لئے مرنے پر رضا مند ہوتے ہیں، لیکن شاید ہی اس مقصد کے لئے کوئی مرے جس کو پانے کے لئے وہ تیار نہ ہو۔

آج کی دعا: اے باپ! مَیں اپنی زندگی تجھے دیتا ہوں۔ مَیں فیصلہ کرتا ہوں کہ مَیں تیری مرضی کے مطابق جیوں گا اور زندگی کے تمام حالات میں تیرا گواہ ٹھہروں گا۔ مجھے یسوع نام میں اپنا فضل عطا کر۔

آج کی آیات:

گلتیوں 20:2

''مَیں مسیح کے ساتھ مصلوب ہوا ہوں اور اَب مَیں زندہ نہ رہا بلکہ مسیح مجھ میں زندہ ہے اور مَیں جو اَب جسم میں زندگی گزارتا ہوں تو خدا کے بیٹے پر ایمان لانے سے گزارتا ہوں جس نے مجھ سے محبت رکھی اور اپنے آپ کو میرے لئے موت کے حوالہ کر دیا۔''

کلسیوں 3:1-3

''پس جب تم مسیح کے ساتھ جِلائے گئے تو عالَمِ بالا کی چیزوں کی تلاش میں رہو جہاں مسیح موجود ہے اور خدا کی دہنی طرف بیٹھا ہے۔ عالَمِ بالا کی چیزوں کے خیال میں رہو نہ کہ زمین پر کی چیزوں کے۔ کیوں کہ تم مر گئے اور تمہاری زندگی مسیح کے ساتھ خدا میں پوشیدہ ہے۔''

# جون25

''اگر آپ کی زندگی میں کچھ ایسا نہیں جس کے لئے آپ اپنی جان دے سکیں تو پھر افسوس ہے کہ آپ اُن چیزوں میں سب سے زیادہ اہم ہیں جن کو آپ جانتے ہیں۔''

ہم ہر چیز کی ایک قیمت لگاتے ہیں اور اکثر ایسی خریداری کرتے ہیں اور کوشش کرتے ہیں کہ وہ چیز حاصل کریں جس کی value ہماری دی ہوئی قیمت سے زیادہ نہ ہو۔ تبادلے کا قانون یہ نامناسب بنادیتا ہے کہ ہم کسی شے کی value سے زیادہ اُس کی قیمت ادا کریں یا اپنا بہترین کسی کمتر شے کے لئے دے دیں۔ خدا نے اپنے بیٹے کو ہماری زندگی کے لئے دے دیا اور اُس کو لگتا تھا کہ اُس نے اچھا سودا کیا۔

صحیفے بتاتے ہیں کہ جیسے یسوع نے ہماری خاطر اپنی جان دی ہمیں بھی دوسروں کے لئے جان دینی ہے۔ اِس سے بڑی محبت نہیں ہوسکتی کہ ایک شخص اپنی جان اپنے دوستوں کے لئے دے دے۔ اگر آپ کی دنیا میں ایسا کچھ نہیں جس کے لئے آپ اپنی جان دے سکیں تو پھر افسوس ہے کہ آپ اُن چیزوں میں سب سے زیادہ اہم ہیں جن کو آپ جانتے ہیں۔

**آج کی دعا:** اے باپ! اِس زندگی کیے لئے شکریہ جو تُو نے مجھے اِس دنیا میں گزارنے کی اجازت دی ہے۔ مجھے بچانے اور میری قدر کرنے کے لئے شکریہ۔ مجھے سکھا کہ مَیں اپنے نہیں بلکہ تیرے نظریے سے دوسروں کی قدر کروں۔ مجھے دِکھا کہ مَیں کیسے اپنی زندگی کے حصے تیری مرضی پوری کرنے کے لئے دے سکتا ہوں۔

**آج کی آیات:**

یوحنا 3:15

''اب تم اُس کلام کے سبب سے جو مَیں نے تم سے کیا پاک ہو۔''

1-یوحنا 16:3

''ہم نے محبت کو اِسی سے جانا ہے کہ اُس نے ہمارے واسطے اپنی جان دے دی اور ہم پر بھی بھائیوں کے واسطے جان دینا فرض ہے۔''

## جون26

### ''ہمارے آغاز سے زیادہ اہم ہمارا انجام ہے۔''

راحب ایک کنعانی کسبی تھی جو بالآخر یہوداہ کی شہزادی اور بوعز کی ماں بن گئی۔ رُوت ایک موآبی بیوہ تھی بعد میں جس کی شادی بوعز سے ہوئی اور وہ عوبید کی ماں بن گئی۔ لِیاہ یعقوب کی غیر مطلوبہ دلہن اور نا مقبول بیوی تھی جو بعد میں یہوداہ کی ماں بنی۔ اِن سب عورتوں کا آغاز کچھ خاص نہ تھا اور اُن کو بہت سی مشکلوں کا بھی سامنا کرنا پڑا۔ لیکن بالآخر اُن کا نام یسوع کے نسب نامے میں آیا۔ ہمارے آغاز سے زیادہ اہم ہمارا انجام ہے۔ ممکن ہے آپ زندگی میں اِس موقعے پر زندگی سے بہت کم اُمید کر رہے ہوں۔ ہوسکتا ہے کہ ایسی چیزیں جو آپ کے اختیار میں نہیں آپ کو جیل میں بند کرا دیں جہاں آپ اپنی سوچ سے کمتر زندگی گزاریں۔ مایوس نہ ہوں خدا آپ کو بھولا نہیں اور اُس کا مقصد آپ کو آپ کے بہترین دن تک لے جانا ہے۔ اُس پر بھروسا کریں اور اُس کو آپ کی رہنمائی کرنے دیں۔

**آج کی دعا:** پیارے باپ! مجھے حکمت اور فضل عطا کر کہ زندگی گزارتے ہوئے یہ جانوں کہ یہ دن مجھے تیرے بہترین دن کی طرف لے کر جائیں گے۔

**آج کی آیات:**

یرمیاہ 11:29

''کیوں کہ مَیں تمہارے حق میں اپنے خیالات کو جانتا ہوں خداوند فرماتا ہے یعنی سلامتی کے خیالات۔ برائی کے نہیں تاکہ مَیں تم کو نیک انجام کی اُمید بخشوں۔''

2- کرنتھیوں 4:17-18

''کیوں کہ ہماری دَم بھر کی ہلکی سے مصیبت ہمارے لئے از حد بھاری اور ابدی جلال پیدا کرتی جاتی ہے۔ جس حال میں کہ ہم دیکھی ہوئی چیزوں پر نہیں بلکہ اَن دیکھی چیزوں پر نظر کرتے ہیں کیوں کہ دیکھی ہوئی چیزیں چند روزہ ہیں مگر اَن دیکھی چیزیں ابدی ہیں۔''

## جون 27

### ''میرا یقین کریں جب خدا کہتا ہے کہ آپ غلَط ہیں تو آپ غلَط ہیں۔''

لوگوں کو جب یہ لگتا ہے کہ وہ غلَط ہیں تو نظریہ تبدیل کر لیتے ہیں کیونکہ ہر کوئی چاہتا ہے کہ وہ ٹھیک ہو۔ جو کچھ ہم سوچتے، چاہتے اور اپنے حالات کی روشنی میں محسوس کرتے ہیں اُس کو اپنے نظریے کے مطابق ٹھیک ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر اگر کسی نے آپ کو تکلیف دی ہے، دھوکا دیا ہے یا آپ پر تہمت لگائی ہے تو ہو سکتا ہے آپ کو اُسے معاف نہ کرنا ٹھیک لگے، گو آپ جانتے ہیں کہ خدا کا کلام معاف کرنے کا درس دیتا ہے۔ یہ کچھ دوسرے حکموں کے لئے بھی سچ ہے جیسے کہ فرماں برداری کرنا، محبت کرنا، جھوٹ نہ بولنا اور بہت سی ایسی چیزیں۔ اِس سے فرق نہیں پڑتا کہ آپ کو کیا محسوس ہوتا ہے اور کیوں محسوس ہوتا ہے جب خدا کہتا ہے کہ آپ غلَط ہیں تو آپ غلَط ہیں اور خدا کی نافرمانی کرنا غلَط ہے۔

**آج کی دعا:** خداوند! مَیں اپنے آپ کو تیرے اور تیرے رحم کے تابع کرتا ہوں۔ میری زندگی کے وہ پہلو ظاہر کر جو تیرے آگے غلَط ہیں۔ مَیں اپنے گناہوں کا اقرار کرتا ہوں۔ اُن کو اپنے خون سے ڈھانک اور میرے دل اور ہاتھوں کو اپنی پاکیزگی میں پاک بنا۔

**آج کی آیات:**

زبور 3:43

''اپنے نُور اور اپنی سچائی کو بھیج۔ وہی میری رہبری کریں۔ وہی مجھ کو تیرے کوہِ مُقدس اور تیرے مسکنوں تک پہنچائیں۔''

جون28

’’بلاہٹ ایسا موقع ہے جو خدا ہمیں دیتا ہے جب کہ فضل ایسی صلاحیت ہے جو خدا ہمیں اِس موقعے کو پکڑنے کے لئے دیتا ہے۔‘‘

خدا نے مصر کی قید میں اپنے لوگوں کا رونا سنا اور اُس کا اُن کے چھٹکارے کے لئے ایک منصوبہ تھا۔ اُس نے اپنے طریقے سے موسیٰ سے کہا کہ مصر میں جا اور فرعون سے کہہ کہ بنی اسرائیل کو جانے دے۔ یہ کہانی معجزانہ واقعات سے بھری پڑی ہے-- آفتوں سے لے کر بحرِ قلزم کی جیت تک۔ خدا آسانی سے بھی اپنے لوگوں کو فرعون کی گرفت سے چھڑوا سکتا تھا، لیکن اُس نے ایک عام آدمی کو اِس مرحلے میں اہم کردار بننے کے لئے چُنا۔ خدا کا ایک منصوبہ تھا اور موسیٰ کے پاس اِس منصوبے میں شامل ہونے کا موقع تھا۔

موسیٰ پہلے غیر یقینی اور غیر محفوظ حالت میں تھا اور خدا کو اُسے یقین دلانا پڑا کہ وہ اُس کو سب کچھ دے گا جس کی اُسے یہ کام پورا کرنے کے لئے ضرورت ہے۔ بلاہٹ ایسا موقع ہے جو خدا ہمیں دیتا ہے جب کہ فضل ایسی صلاحیت ہے جو خدا ہمیں اِس موقعے کو پکڑنے کے لئے دیتا ہے۔ کیا خدا نے آپ کو ایسا موقع دیا ہے جس کے بارے میں آپ غیر محفوظ ہیں؟ یقین کریں کہ وہ آپ کو یہ کام کرنے کے لئے فضل بھی بخشے گا۔

آج کی دعا: خداوند! ہمیں اپنے منصوبوں میں شامل کرنے کے لئے تیرا شکریہ۔ براہِ کرم مجھے یہ یاد دِلاتا رہ کہ تُو میرے ساتھ ہے اور جیسے مَیں وفادار رہوں مجھے وہ صلاحیت عطا کر جس کی مجھے کامیابی کے لئے ضرورت ہے۔ واقعی جو مجھے طاقت بخشتا ہے اُس میں مَیں سب کچھ کر سکتا ہوں۔

آج کی آیات:

خروج 4:11-12

’’تب خداوند نے اُسے کہا کہ آدمی کا منہ کس نے بنایا ہے؟ اور کون گُونگا یا بہرا یا بِینا یا اندھا کرتا ہے؟ کیا مَیں ہی جو خداوند ہوں یہ نہیں کرتا؟ سو اب تُو جا اور مَیں تیری زبان کا ذمہ لیتا ہوں اور تجھے سکھاتا رہوں گا کہ تُو کیا کیا کہے۔‘‘

فلپیوں 4:13

’’جو مجھے طاقت بخشتا ہے اُس میں مَیں سب کچھ کر سکتا ہوں۔‘‘

جون29

''ہم پُل بنا رہے ہیں، رکاوٹیں کھڑی کر رہے ہیں یا دوسروں کے ساتھ میدانِ جنگ قائم کر رہے ہیں۔''

کبھی نہ کبھی آپ زندگی کے اِس سفر میں اپنے اور دوسروں کے رشتوں میں پیچیدگیاں پائیں گے۔ یہ ایک دوست، ہم کار اور شوہر یا بیوی بھی ہو سکتے ہیں جو اپنے وعدے پورے کرنے میں ناکام رہے ہوں۔ آیئے اِس حقیقت سے منہ نہ موڑیں کہ شاید اِس رشتے میں ہم نے غلط قدم اُٹھالیا ہے۔ ہم زندگی کے ایسے وقت میں کیا کرتے ہیں؟ ہمیں اِس رستے اور موقعے کو خدا کے کلام کی روشنی میں جانچنا چاہئے۔ جیسے ہی ہم اُس کے رستے پر چلیں گے، ہم واضح طور پر دیکھیں گے کہ رحم ہمیں پکار رہا ہے، فضل ہمارا سہارا ہے اور معاف کرنے کی روشنی ہماری رہنمائی کر رہی ہے۔ یاد رہے کہ ہر موقعے پر ہم پُل بنا رہے ہیں، رکاوٹیں کھڑی کر رہے ہیں یا دوسروں کے ساتھ میدانِ جنگ قائم کر رہے ہیں۔

آج کی دعا: اے باپ! میری مدد کر کہ مَیں دوسروں کے ساتھ تعلق اور ہر بات میں تیرے رستوں پر چلوں۔ اگر مَیں نے زندگی میں کوئی غلط موڑ لیا ہے تو مجھے معاف کر اور مجھے فضل بخش کہ مَیں دوسروں کو بھی معاف کر سکوں۔

آج کی آیات:

گلتیوں 1:6

''اَے بھائیو! اگر کوئی آدمی کسی قُصور میں پکڑا بھی جائے تو تُم جو روحانی ہو اُس کو حِلم مزاجی سے بحال کرو اور اپنا بھی خیال رکھ کہیں تُو بھی آزمائش میں نہ پڑ جائے۔''

2- کرنتھیوں 18:5

''اور سب چیزیں خدا کی طرف سے ہیں جس نے مسیح کے وسیلہ سے اپنے ساتھ ہمارا میل ملاپ کر لیا اور میل ملاپ کی خدمت ہمارے سپرد کی۔''